چاہیے تھا مومن خان سمجھاتے ہوئے بولے بابا ایسی بات نہیں ہے مجھے اپنے ہاتھ سے کام کرنا اچھا لگتا ہے میں اپنے گھر میں بھی سارا کام خود کرتی بضعہ کھانا نکالتے ہوئے بتانے لگی یہ تو اچھی عادت ہے بیٹی مومن خان نے کھانا شروع کرتے ہوئے کہا ماشاءاللہ سالن تو بہت مزے کا آیا ہے مومن خان نوالہ نگلتے ہوئے بولے شکر ہے آپ کو پسند آیا بضعہ مسکراتے ہوئے بولی مجھے پسند کیوں نہیں آتا میری بیٹی نے خود بنایا ہے مومن خان پیار سے بولے جب تم مجھے بابا کہتی ہو مجھے بہت اچھا لگتا ہے مومن خان نے بضعہ کو دیکھ کر کہا آپ میرے بابا جیسے ہیں اگر میں اپنے بابا سے کچھ مانگو تو میرے بابا مجھے دینگے بضعہ نے پوچھا بابا بھی کہتی اجازت بھی لے رہی ہو جو مانگتی ہوں وہ مانگو میں وعدہ کرتا ہوں اگر میرے پاس وہ تو ضرور دوں گا مومن خان شفقت سے بولے بابا حرا کو معاف کر دے دے آپ وعدہ کر چکے ہیں بضعہ نے جلدی سے کہا مومن خان نے جواب نہیں دیا اس کا مطلب ہے آپ مجھے اپنی بیٹی نہیں سمجھتے خیر کوئی بات نہیں بضعہ جاتے ہوئے بولی میں نے حرا کو معاف کیا مگر ایک شرط پہ مومن خان نے بضعہ کو آواز دی کیسی شرط بضعہ خوشی سے بولی اب میں جہاں چاہ وہاں شادی کرے گی اسکو بتا دو اگر منظور ہے تو ٹھیک ہے ورنہ اس گھر سے بھی چلی جائیں مومن خان نے اپنا فیصلہ سنایا شکریہ بابا آپ نے میرے وعدے کا مان رکھا بضعہ مسکراتے ہوئے بولی جیتی رہو

بیٹی مومن خان نے مسکراتے ہوئے کہا میں جا کہ حرا کو بتاتی ہوں بابا آپ آرام سے کھانا کھائے بضعہ خوشی سے بولی اور کمرے سے نکلی

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

حرا ارے تم سوئی نہیں بضعہ حرا کے کمرے میں کھانے کا ٹرے تھماتے ہوئے داخل ہوئی نہیں بھابھی نیند نہیں آرہی تھی حرا جو خاموشی سے چھت گھور رہی تھی بضعہ کو دیکھ کر سنجیدگی سے بولی اچھا آو کھانا کھائیں بضعہ حرا کے سامنے کھانا رکھتے ہوئے بولی بھابی میرا دل نہیں چاہ رہا کھانے کو آپ کھاے حرا نے کھانے سے انکار کیا اچھا میرا ساتھ دو کھانے میں بضعہ نوالا توڑتے ہوئے کہا حرا نے بضعہ کے زیادہ اصرار کے آگے اچھا نہیں سمجھا اور آہستہ سے کھانا کھانے لگی بھائی گھر میں ہے حرا نے پوچھا نہیں وہ باہر گئے ہیں کسی کام سے شاید شام تک آجائے بضعہ نے جواب دیا آپ خوش ہے اس شادی سے بھای نے آپ سے زبردستی شادی کی یہ سب میری وجہ سے ہوا میں سب سے زیادہ آپ کی قصوروار ہوں بضعہ بھابھی حرا نم لہجے میں کہا نہیں یہ قسمت کا کھیل تھا اس میں تمہارا اور میرا قصور نہیں اور جلدی سے کھانا کھاؤ میں تمہیں ایک خوشخبری سناتی ہوں بضعہ بات بدلتے ہوئ بولی کیسی خوشخبری بھابھی حرا نے فوراً پوچھا بابا نے تم کو

معاف کیا بضعہ مسکراتے ہوئے بولی حرا کی زبان گنگ رہ گی بھابھی آپ مذاق کر رہی ہیں نہ حرا بضعہ کو دیکھ کر پوچھا میں مزہ کیوں کروں گی وہ بھی سیریس حالات میں بضعہ کھانے سے بس کرتے ہوئے بولی مگر ایک شرط پہ اب بابا جہاں چاہیں وہاں تمہیں شادی کرنی پڑے گی بضعہ نے بابا کا پیغام ہے مجھ سے اب شادی کون کرے گا اتنی بدنامی کے بعد حرا اپنے آپ پر ہنستے ہوئے بولی کوئی تو ہوگا جو تجھ سے سچا پیار کرتا ہوگا بضعہ تسلی دیتے ہوئے کہا میں نے اپنے ہاتھوں سے لوگوں کے دلوں سے عزت اپنی مٹا دیں حرا کھوے لہجے میں بولی تم ماضی پر خاک ڈالو اور آگے بڑھو بضعہ سمجھانے لگی بھابی میں نے تعلیم کی مگر میں اب علم میں داخلہ لینا چاہتی ہوں حرا نے آگے کا پلین بضعہ کو بتایا یعنی معلمہ بننا چاہتی ہوں یہ تو بہت خوشی کی بات ہے تم کل داخلہ لینے جاؤں بلکہ میں تمہارے ساتھ جاؤں گی ٹھیک ہے بضعہ حرا کے فیصلے پر خوش ہوتے ہوئے بولی بھابھی آپ بہت اچھی ہے حرا نے بضعہ کی تعریف کی آپ بھی بضعہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا آپ بابا کے کمرے میں جاتے ہیں وہاں تو ڑاگپ شپ لگائیں گے بضعہ نے اٹھتے ہوئے کہا چلیے بھابھی حرا بھی اٹھ کر کہا اور کہ دونوں اک ساتھ کمرے سے نکلی

بابا تو کمرے میں نہیں ہے شاید صحن میں ہوں گے بضعہ کمرے میں جھانک کر بولی چلو صحن میں بیٹھے ہونگے بضعہ نے حرا سے کہا جو خاموش کھڑی تھی دونوں صحن کی طرف بڑھی بابا یہاں ہیں اور ہم نے آپ کو کمرے میں دیکھا بضعہ مومن خان کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا کمرے میں اکیلا تنگ ہوا تو باہر نکل آیا مومن خان نے حرا کی طرف دیکھتے ہوئے جو سر جھکائے بضعہ کے پاس ہی بیٹھی تھی اب آپ تنگ نہیں ہوں گے آپ کے ساتھ ایک نہیں دو دو بیٹیاں ہیں بضعہ نے مسکراتے ہوئے کہا کیوں بابا میں ٹھیک کہہ رہی ہوں نہ بضعہ نے مومن خان سے بھی تصدیق چاہی کیوں نہیں بالکل ٹھیک کہا مومن خان بضعہ کو جواب دیا بابا میں نے آپ کی بات حرا کو پہنچادی ہے حرا آپ کے فیصلے پر راضی ہے مگر حرا علم حاصل کرنا چاہتی ہے اور کل داخلہ لے گی مومن خان کو دیکھ کر کہا یہ میرے لئے بہت خوشی کی بات ہے کہ میری بیٹی سیدھے راستے پر چل پڑی حرا کیا یہ سچ ہے میری بیٹی مومن خان خوش ہوتے ہوئے کہا جی بابا یہ سچ ہے حرا خوشی سے بولی مگر پہلے بابا مجھے معاف کر دے میں بہت بری ہو حرا روتے ہوئے ہاتھ جوڑ کے مومن خان کے سامنے کھڑی ہوئی میں نے تمہیں معاف کیا شکر ہے اللہ نے تجھے اور ذلیل ہونے سے بچالیا کرو اللہ کا شکر ادا کرو مومن خان حرا کے سر پر ہاتھ رکھ کر بولے آپ نے معاف کیا مگر بھائی تو مجھے کبھی معاف نہیں کریں گے حرا

آنسو صاف کرتے ہوئے بولی اس کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے تو بس صبر کر مومن خان نے پیار سے کہا آپ لوگ باتیں کرو میں چائے کے ساتھ پکوڑے بنا کے لاتی ہوں بضعہ باپ بیٹی کو دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے بولی بھابھی میں بھی آپ کے ساتھ جاتی ہوں حرا نے بھی جانے کے لیے اپنے قدم بڑھا رہی تھی تم بیٹھو بابا سے باتیں کرو میں یوں گی بس یوای بضعہ حرا کو دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے بولی اور جانے لگی نہ جانے قلبی کو ایسی بیوی کس نیکی کے بدلے میں ملی مومن خان بضعہ کو جاتے ہوئے دیکھ کر بولے واقعی بابا جان حرا نے بھی مومن خان کے ہاں میں ہاں ملای اور دونوں باتوں میں مشغول ہو گے

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

قلبی جب گھر آیا تو صحن میں مومن خان اور حرا کو ایک ساتھ بیٹھے دیکھ کر اس طرف آیا اسلام علیکم بابا بضعہ کہاں ہے قلبی حرا کو نظر انداز کر کے مومن خان سے بولا آتے ہی بیوی کے بارے میں پوچھا مومن خان نے مسکراتے ہوئے کہا نہیں بابا ایسی بات نہیں ہے قلبی ہنستے ہوئے بولا بھائی آئے نہ بیٹھے نہ حرا نے اٹھ کر کہا تم مجھے بھای مت کہا کرو نہیں ہوں تمہارا بھائی اور آئندہ میرے سامنے مت آیا کرو سمجھی قلبی غصے سے حرا

دے بول کر لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا آگے بڑھا حرا نم آنکھوں سے قلبی کو جاتے ہوئے دیکھنے لیں حرا تم دل پر مت لو دو تین دنوں میں خود ہی ٹھیک ہو جائے گا مومن خان حرا دے سنجیدگی سے بولے جس کی آنکھوں میں آنسو تیر رہے تھے بابا میں خفا نہیں ہوں میں اس قابل ہو حرا کی آواز رندھ گی اور بھاگ کر اپنے کمرے میں مومن خان ایک ٹھنڈی سانس لے کر رہ گئے

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

قلبی نے بضعہ کو پہلے کمرے میں دیکھا تو پھر کچن کی طرف آیا جہاں بضعہ کھڑی چائے تیار کر کے پکوڑوں کیلئے تیل گرم کرنے کیلئے رکھ رہی تھی جب پیچھے کسی موجودگی کا احساس ہوا تو پیچھے مڑی آپ آ گئے بضعہ نے قلبی کو کھڑا دیکھ کر کہا اب چلو کمرے میں قلبی آہستہ آواز میں بولا آپ چلے میں جلدی پکوڑے بنا کر بابا کو دیکھ کر آتی ہوں بضعہ نے باول اٹھاتے ہوئے جواب دیا تم ہر بات کے جواب میں انکار کیوں کرتی ہوں قلبی نے بضعہ کو بازو سے پکڑتے ہوئے چیخا بضعہ کے ہاتھ سے باول دور جا گرا جو گی ٹکڑوں میں ادھر ادھر بکھر گیا آپ نے کیا کیا میں نے اتنے پیار سے بابا کے لیے پکوڑے بنا رہی تھی آپ نے سب ضاءع کر دیا میں دیکھتی ہوں آپ مجھے کیسے کمرے میں لے جا سکتے

NEW ERA MAGAZINE

ہیں میں نہیں جاتی جائیں آپ بضعہ روہانسی ہو کر ضدی لہجے میں بولی دیکھو میں نے بھی پہلے بھی کہا تھا اور اب بھی کہنے جا رہا ہوں کہ مجھے انکار سننے کی عادت نہیں ہے مگر تم سمجھتی کہاں ہو قلبی غصے میں بضعہ کے بال پیچھے سے مٹھی میں پکڑتے ہوئے بولا۔ آہ۔

۔۔۔۔۔میرے بال پلیز چھوڑے درد ہو رہا ہے بضعہ نے درد بھرے لہجے میں کہا

قلبی نے بضعہ کو چھوڑ دیا میرے پیچھے آؤ کمرے میں قلبی نے حکم دیتے ہوئے کہا اور کچن سے نکلا بضعہ بھی نم آنکھوں سے قلبی کے پیچھے لپکی قلبی نے کمرے میں داخل ہو کر واش روم میں جا گھسا بضعہ بیڈ پر بیٹھ گئی اور رونے لگی قلبی جلد ہی واش روم سے نکلا تو بضعہ اپنے آنسو صاف کر رہی تھی ایک تو مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ لڑکیاں اتنی جلدی کیوں رونے بیٹھ جاتی ہے قلبی بضعہ کے سامنے کھڑے ہو کر بولا بضعہ یار تم بھی اپنی غلطی نہیں مانتی عورت کا جب شوہر گھر آئے تو اس کے لئے جلدی پانی لے جاتے حال احوال پوچھتے ہیں کہ شوہر کی ساری تھکن اتر جائے اور تم ہو کے بحث کرنے لگ جاتی ہوں اب میں غصہ نہ ہو تو کیا کرو قلبی بضعہ سے بولا جس کی آنکھیں بار بار نم ہو رہی تھی میں نے آپ کو جواب دیا بضعہ روکھے پن سے بولی سوری مجھے غصے میں نہ جانے کیا ہو جاتا ہے جو میں اپنے آپے سے باہر ہو جاتا ہوں قلبی شرمندگی سے بولا آپ بیٹھے میں چائے لے کر آتی ہو آپ کے لے چائے مت لاؤ میرا سر درد باد و سر میں ہلکا ہلکا درد

ہے قلبی بیڈ پہ لیٹتے ہوئے بولا بضعہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی قلبی کے پاس آ کر بیٹھی کیا ہوا سر دباؤ نہ قلبی نے بضعہ کو دیکھ کر کہا جو عجیب کشمکش میں مبتلا تھی میں کیسے قلبی کو ہاتھ لگاؤں آخر ڈرتے ہوئے قلبی کا سر دبانے لگی اگر میں سونے لگا تم کھانا کھا کے کمرے میں آ جانا قلبی غنودگی میں جاتے ہوئے بولا جی بضعہ نے آہستہ سے جواب دیا

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

السلام علیکم فاطمہ باجی اسفند یار اور وقار نے گھر میں داخل ہو کر یک آواز میں بولے وعلیکم اسلام اتنی دیر میں پہنچے ہیں دونوں اور تو میرا فون کیوں نہیں اٹھا رہا تھا فاطمہ جو ان دونوں کا سن کر صحن میں ٹہل رہی تھی اسفند یار سے بولی میرا بیلنس ختم ہو گیا تھا باجی اسفند یار کندھے سے بیگ اتار کر جواب کیسے ہو دونوں فاطمہ نے دونوں کو دیکھ کر پوچھا ٹھیک ہے آپ کیسی ہے وقار نے اسفند یار کے ساتھ بیٹھتے ہوئے کہا تمہارے سامنے ہو بس فاطمہ نے سنجیدگی سے کہا میں نے پہلے ہی تم لوگوں کے لیے شربت تیار کر لی تھی میں لاتی ہوں ابھی فاطمہ نے کچن میں جاتے ہوئے کہا یہ لو یہ پی لو پھر آرام کر کے کھانا بھی کھا لینا فاطمہ نے جلدی شربت کا جگ پکڑے آئی تو میں کھانا نہیں کھا سکتا دل خراب ہے اسفند یار نے گلاس اٹھاتے ہوئے بولا تو کہہ رہا تھا کہ میں بضعہ کی

طرف جاؤں گا اب تو بہت دیر ہو چکی ہیں کل ساتھ میں چلے جائیں گے وقار نے یاد دلاتے ہوئے کہا ہاں اب سر درد سے پھٹ رہا ہے اسفندیار نے گلاس رکھتے ہوئے بولا کیوں بضعہ نے فون کیا تھا کیا فاطمہ نے سوال کیا نہیں باجی لمبی کہانی ہے کل بتادیں گے وقار نے جلدی سے کہا اسفندیار میں تمہاری قصور وار ہو میں نے تمہاری امانت کا خیال نہیں رکھا فاطمہ شرمندگی سے سر جھکاتے ہوئے بولیں آپ نے پوری کوشش کی تھی یہ میرے لیے بہت ہیں مگر جو اس کی قسمت میں ہونا تھا وہ تو ہو چکا ہے اسفندیار کھوے لہجے میں بولا مجھے وقار نے سب بتایا جب آپ نے وقار کو فون کر کے بتایا اسفندیار نے فاطمہ سے کہا کیا ہو چکا ہے بضعہ کے ساتھ فاطمہ نے اسفندیار سے پوچھا جس کی آنکھیں نم ہوی بضعہ کے ذکر پر میں جاتا ہوں سونے اسفندیار نے جلدی سے کہہ کر کمرے میں گیا وقار کچھ تو برا ہوا ہے مجھے تم بتاؤ فاطمہ نے وقار سے کہا وقار نے پوری داستان سنائی دی بضعہ کی شادی تک اس بے چاری نے کیا کیا نہیں سہا میں بے خبر تھی فاطمہ نے نم لہجے میں نے کہا آپ کے میسج کا انتظار کرتا ہوں آپ بھی سو جاے وقار اٹھتے ہوئے بولا فاطمہ نے ایک ٹھنڈی سانس خارج کی اور برتن اٹھا کر کچن کی جانب چلی

قلبی جب سو گیا تو بضعہ باہر نکلی تو حرا کچن میں کھڑی کھانا بنانے کے لیے پیاز کاٹ رہی تھی جب ہی اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے حرا کھانا بنا رہی ہوں میں بنا لیتی ہو تم بیٹھو یہاں بضعہ حرا کے پاس آتے ہوئے بولی آج میں بنا لیتی ہیں دوپہر کو بھی آپ نے بنایا تھا حرا پیاز سائیڈ پہ رکھتے ہوئے جواب دیا بھائی آ گے کیا ہاں آتے ہی سو گئے تھے ان کے سر میں درد تھا بضعہ ایک کرسی کھینچ کر بیٹھے ہوئے بولی ٹبلیٹ دیتی انکو حرا نے کہا نہیں وہ بس سو گئے تھے میں تمہاری مدد کروں بضعہ چولہا جلاتے ہوئے بولی اوکے بھابھی ادا کرتے ہوئے بولی اور دونوں نے باتوں باتوں میں سالن بنا اور مومن خان کے کمرے میں لے جا کر تینوں نے اکٹھا کھانا کھایا ہے حرا اور بضعہ اپنے اپنے کمرے میں چلی گئی

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

بضعہ کمرے میں آ کر بیڈ پہ بیٹھ کر بیٹھی تو قلبی کی طرف دیکھا جس کی گال ٹماٹر کی طرح سرخ ہو رہے تھے آپ کتنے پیارے لگتے ہیں سوتے ہوئے نہ جانے کیوں جاگتے ہی چنگیز خان بن جاتے ہیں بضعہ قلبی کے ڈمپل پہ انگلی پھرتے ہوئے مدھم آواز میں بولیے کتنے گرم ہے کہاں بخار تو نہیں ہوا ان کو بضعہ قلبی کے ماتھے پہ ہاتھ لے جاتے

ہوئے بڑبڑای یہ تو بخار میں تپ رہے ہیں یااللہ اب کیا کروں بضعہ دل پہ ہاتھ رکھ کر بولی کیا کرو بابا کو بتاؤ کہ نہیں بضعہ قلبی کے پاس سے اٹھتے ہوئے بولی نہیں بضعہ بابا بھی اسے پریشان ہو جائیں گے میں ایسا کرتی ہوں ان کو پٹیاں کرتی ہو شاید اس کے ساتھ کچھ بخار کم ہو جائے بضعہ کچھ سوچتے ہوئے الماری سے ایک کپڑا نکال کر کچن میں گی اور ایک برتن میں پانی لے کر آئ قلبی کے پاس بیٹھتے ہوئے قلبی کو پٹیاں کرنے لگی قلبی تھوڑا سا کسمسایا پپ۔۔۔پانی قلبی مشکل سے آنکھیں کھولتے ہوئے بولا بضعہ نے جلدی سے گلاس پانی سے بھرا اور قلبی کو بیٹھنے میں مدد کی اور قلبی کے لبوں گلاس کو لگایا قلبی نے دو تین گھونٹ پانی لے کر لیٹا بضعہ بار بار قلبی کی بخار چیک کرتی اور ساتھ میں پٹیاں بھی بدلتی رہی تب کہی جا کے قلبی کا بخار تھوڑا کم ہوا بضعہ کی آنکھیں نیند سے بند ہونے لگی اور وہاں ہی بیڈ کے ساتھ سر ٹکا کے بیٹھتے سو گی

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

قلبی جب صبح اٹھا تو بضعہ کو اپنے پاس بیٹھے دیکھ کر حیران ہوا بضعہ یہاں کیوں سو رہی ہے قلبی سوچنے لگا بضعہ کے چہرے کو تھپھپایا بضعہ ہڑبڑا کر اٹھی آپ ٹھیک ہے بضعہ نے قلبی طرف دیکھتے ہوئے کہا تمہاری ساری رات خدمت کرنے سے اب گزارا ہوا ہے

قلبی نے مسکراتے ہوئے ہاں آپ کو بخار بہت تیز تھا بضعہ بیڈ پر بیٹھے ہوئے کہا تم نے
میری اتنی خدمت کیوں کی قلبی نے دوبارہ کہا میں آپ کی طرح سخت دل نہی ہو کہ
آپ کو بخار میں جلتا دیکھ کر سو جاتی بضعہ نے سنجیدگی سے جواب دیا تم ابھی تک مجھ سے
خفا ہو قلبی نے اپنے اوپر سے کمبل ہٹاتے بولا آپ نے منایا ہے کبھی بضعہ نے سوال کیا
ہم اپنی بیگم جاناں کو منانے گے مگر بخار نے آگھیرا قلبی مسکراتے ہوئے کہا تو یہ بیماری
میں بھی آپ کا موڈ رومینٹک ہے بضعہ اٹھتے ہوئے بولی کیوں تم کو اچھا نہیں لگتا میرا
مسکرانا قلبی ہنستے ہوے بولا میں آپ کے لئے ناشتہ لاتی ہو آپ تب تک فریش ہو
جائے بضعہ کمرے کی لاک کھولتے ہوئے کہا یار میں اٹھوں گا کیسے مجھ سے تو ہلا بھی
نہیں جاتا قلبی کھانستے ہوئے بولا میں مدد کرتی ہوں آپ آرام سے اٹھے بضعہ نے اپنے
قدم واپس پلٹ دے اور قلبی کے پاس آتے ہوئے بولی چلے ہمت کر کے اٹھے بضعہ
نے قلبی کو اٹھنے میں مدد کے لئے ہاتھ بڑھایا تم سچ میں میرے لئے پریشان ہو قلبی خود
اٹھتے ہوئے بولا آپ اتنی دیر سے ایکٹنگ کر رہے تھے بضعہ غصے سے قلبی کو کھڑا دیکھ کر
بولی ہائے صدقے تیرے غصے دے قلبی مسکراتے ہوے بضعہ کی ناک پکڑتے ہوئے
بولا آپ جھوٹ بھی بولتے ہیں بضعہ روکھے پن سے بولی اب میں کیا کروں مجھے اچھا لگتا
ہے تمہیں اپنے قریب دیکھ کے قلبی بضعہ کی طرف دیکھتے ہوئے بولا بضعہ قلبی کو گھور

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

کر کمرے سے نکلی قلبی ہولے سے مسکرا کر واش روم کی طرف چلا گیا

فاطمہ باجی میں بضعہ کی طرف چلتا ہو شاید اس کو بھی اپنے ساتھ لے آؤ اسفندیار نے
فاطمہ کو آواز دی جو ناشتہ بنانے میں مصروف تھی ناشتہ تو کر لے فاطمہ نے اسفندیار کو
پیچھے سے آواز دی جو گیٹ کھول رہا تھا راستے میں کچھ کھالوں گا آپ دروازہ بند کر دیجئے
اسفندیار کہہ کر رو کا نہی جلدی سے باہر نکلا کی فاطمہ نے خاموشی سے گیٹ بند کیا یااللہ
وہاں سب خیریت ہو فاطمہ نے دل سے دعا کی اسفندیار گھنٹے بعد مومن خان کے حویلی
سامنے کھڑا تھا اسفندیار نے بیل دے کر انتظار کرنے لگا جی آپ جب قاسم نے گیٹ
کھول کر اسفندیار کو دیکھا تو حیرانی سے بولا اسلام علیکم کیا میں اندر آ سکتا ہوں اسفندیار
نے اجازت چاہی جی اندر آئے قاسم ایک سائیڈ پر ہوتے ہوئے کہا وہ میں اپنی بہن سے
ملنے آیا ہوں اسفندیار نے قاسم سے کہا جو گیٹ بند کر رہا تھا بہت اچھا کیا تمہاری بہن
بہت اچھی میری بیوی تو اس کی تعریف کر کے تھکتی نہی قاسم مسکراتے ہوئے کہا جی
اسفندیار نے اثبات میں سر ہلایا بیٹا مجھے معاف کر دو میں تمہیں یہاں زبردستی لایا اور
قاسم ندامت سے بول رہا تھا کہ اسفندیار نے اس کی بات کاٹی ایک غریب آدمی امیر کا

سامنے بے بس ہوتا ہے چچا تمہارا کوئی قصور نہیں ہے اسفندیار سنجیدگی سے بولا اللہ تمہیں کامیاب کرے بیٹا جو تم نے مجھے چچا کہا قاسم اسفندیار کو گلے لگاتے ہوئے بولا آمین بس دعا میں یاد رکھے اسفندیار نے قاسم سے الگ ہوتے ہوئے دھیمے لہجے میں کہا اور اپنے قدم آگے بڑھائے

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

حرا یہ میں نے ناشتہ بنالیا ہے تم بابا کے ساتھ ناشتہ کروں میں قلبی کو دیکھ کر آتی ہوگی بضعہ دو ٹرے تیار کر کے حرا سے بولی جو پاس بیٹھے پیار سے بضعہ کو کو دیکھنے میں مصروف تھی ایسے کیا دیکھ رہی ہو بضعہ نے مسکراتے ہوئے پوچھا ویسے بھابھی آپ کتنی کیوٹ سی ہی نا حرا نے ایک ٹرے لیتے ہوئے کہا چوٹی بچی نہیں ہو پورے اٹھارہ برس کی عمر میں بضعہ نے ہنستے ہوئے کہا اچھا بھابھی آپ بھای کے ساتھ ناشتہ کریں آپ تو بھائی کے ساتھ بیٹھتی بھی نہیں ہے کیا ان سے خفا ہیں حرا نے سوال کیا میں کیوں نہیں بیٹھتی اور خفا نہیں ہوں بضعہ نے جلدی سے کہا اچھا بھابھی میں چلتی ہو ناشتہ کر کے مدرسے سے بھی جانا ہے نہ یاد ہے آپ کو حرا جاتے ہوئے بضعہ سے کہا یاد ہے تم جلدی ناشتہ کر و اور میرے کمرے میں آؤ میں قلبی سے پوچھ کے تمہارے ساتھ جاتی ہو بضعہ نے حرا کو

جواب دیا اور دونوں کچن سے نکلی حرا جب مومن خان کمرے میں جا رہی تھی کہ لاونج میں اسفندیار کھڑا نظر آیا حرا جلدی سے کمرے میں داخل ہوئی اور مومن خان سے بولی بابا باہر وہ اسفندیار آیا ہے تو جاؤ کھڑی وہاں بلا اندر میرے کمرے میں مومن خان خوشی سے بولے جی بابا حرا کہہ کر لاوءج کی جانب چلی

یہ محلوں میں رہنے والے لوگ کتنے بے رحم ہوتے ہیں کسی غریب کا احساس بھی نہیں ہوتا بس ان پر اپنی مرضی ہے تھوپ دیتے ہیں جیسے بضعہ پہ اپنی مرضی تھوپ دی اسفندیار لاونج دیکھتے ہوئے سوچنے لگا جب اسکی نظر سامنے حرا پر پڑی جو اس کی طرف آ رہی تھی سنجیدہ چہرہ اور سر پر مکمل ڈوپٹہ اوڑھے ہوئے جو اس سے پہلے اسفندیار نے اسکو اس پردے میں نہیں دیکھا تھا تو یک ٹک نظروں سے حرا کو دیکھ رہا تھا اسلام علیکم آپ یہاں کیوں کھڑے ہیں اندر کمرے میں آئے حرا نے مدھم لہجے میں کہا وہ مجھے بضعہ سے ملنا ہے اسفندیار نے حرا کے چہرے سے نظریں ہٹا کر بولا آپ بابا سے ملے میں بھابی کو بلاتی ہوں مجھے بابا نے آپ کے پاس بیھجا ہے حرا سنجیدگی سے کہہ کر خاموش ہوی ان کا کمرہ دیکھا دو اسفندیار نے حرا کو دیکھتے ہوئے کہا یہ سامنے والا کمرہ بابا کا ہے حرا سامنے والے کمرے کو اشارہ کرتی ہوئ بولی اسفندیار کچھ کہے بنا کمرے کی

طرف جانے لگا اسفندیار کتنا بدل گیا ہے حرا اسفندیار کو جاتے ہوئے سوچنے لگی اور اپنے قدم قلبی کے کمرے کی جانب بڑھائے

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

یارا تنی دیر لگا دی ناشتہ لے آنے میں قلبی بضعہ کو کمرے میں داخل ہو کر بولا ناشتہ بنا رہی تھی بضعہ قلبی کے سامنے ٹرے رکھتے ہوئے بولی آج کے بعد گھر کا کام کو ہاتھ مت لگاؤ فاطمہ بی کام کرتی ہے اور کوئی دوسرا ملازمہ بھی رکھ دوں گا قلبی نے بضعہ کی طرف دیکھتے ہوئے بولا گھر کے کام کرنا میری عادت ہے اور تم دوسری ملازمہ اپنے لیے رکھو مجھے ضرورت نہیں ہے بضعہ ناگواری سے بولی کیوں اپنے لیے رکھو تم ہو نہ میرے خدمت گزار بیوی قلبی بضعہ کو تنگ کرتے ہوئے بولا اگر آپ کی خدمت کرنا مجھ پر فرض نہیں ہوتا تو میں آپ کی طرف دیکھتی بھی نہیں بضعہ غصہ ہوتے ہوئے بولی اتنی بری شکل ہے میری قلبی چہرے پر معصومیت لاتے ہوئے بولا بالکل سڑے ہوئے کرے جیسے آپ کی شکل ایسے لگتا ہے چنگیز خان نے اپنے بعد اپنے کرسی پر آپ کو بٹھا لیا ہے اور منہ پر بارہ بجے ہوتے ہیں بضعہ صاف گوی سے بولی اگر یہ چنگیز خان اٹھا نہ تو پھر تمہاری خیر نہیں قلبی اپنی تعریف سن کر تھوڑا سخت ہوا دیکھ لیا نہ آپ ہے ہی یہ

کڑوے کریلے اتنی جلدی غصہ ہوتے ہیں میں کیا کروں میں سچ ہی تو کہتی ہوں بضعہ ڈرتے ہوئے قلبی کی جانب دیکھ کر بولی قلبی قہقہہ لگا کے ہنس پڑا اور تمہاری شکل کیسی ہے بتاؤ قلبی اپنی ہنسی پر قابو پاتے ہوئے بولا تو بارش میں بھیگ بلی جیسے ہو جو ڈری سہمی رہتی ہے قلبی ہنستے ہوئے بولا بضعہ غصے سے پہلو بدل کر رہ گئی آپ سے اچھی ہو جیسی بھی ہو بضعہ نے تھوڑا غصہ ہوتے ہوئے بولی ہاں تم اچھی بھی ہو اور پیاری بھی اس لئے تو میرا بے چارہ دل تم پر آگیا بیگم جاناں قلبی دل پر ہاتھ رکھ کے بولا بضعہ نے قلبی کو گھورا جب ہی دروازے پر دستک ہوئی آئے دروازہ کھلا ہے بضعہ نے آنے والی کو آواز دی میں ہو بھا بھی آپ تیار ہوی حرا کمرے میں داخل ہو کر بولی تم میرے کمرے میں کیا کر رہی ہو قلبی حرا کو دیکھ کر بھڑک اٹھا بھائی وہ میں۔۔۔۔ حرا اپنے بھائی کے آنکھوں میں اپنے لیے نفرت دے کے نم لہجے میں کہا تمہیں اک بات سمجھ نہیں آتی میرے سامنے مت آیا کرو قلبی شدید اشتعال انداز میں بولا میں نے کہا تھا اس کو کہ میرے کمرے میں ہم مدرسے جا رہے ہیں اسلے حرا یہاں آی بضعہ نے قلبی سے کہا جس کی آنکھیں غصے سے لال ہو رہی تھی یہ میری مرضی کے بغیر کہاں نہی جائے گی تم جاؤ اکیلے قلبی بلند آواز میں بولا بھا بھی وہ آپکے بھای آے ہیں بابا کے کمرے میں بیٹھے ہیں حرا بضعہ اسے کہہ کر جلدی سے کمرے سے نکلی دروازہ لاک کر کے آو ناشتہ

کرو کہاں جانے کی ضرورت نہیں قلبی نے بضعہ کو آواز دی جو گم صم سی بیٹھی تھی تم اپنی نند کے لیے مجھ سے باتیں نہیں کروں گی بضعہ قلبی بضعہ کے پاس بیٹھتے ہوئے نرم لہجے میں بولا وہ میرے نند نہیں بہن ہے اور میرے بھای آ گے ہیں میں اس کے ساتھ جا رہی ہو بضعہ اپنے آنسو روکتے ہوے بولی تم نہیں جاؤں گی قلبی نے فورا کہا میں جا رہی ہوں مجھے آپ کے ساتھ رہ کر خود پہ غصہ آتا ہے کہ میں اک سنگدل انسان کے ساتھ رہ رہی ہیں بضعہ اٹھتے ہوئے بولی میں نے حرا کے سختی کی اس لیے تم اپنے گھر جا رہی ہو پلیز گھر مت جاو میں تمہارے بغیر نہی رہ سکتا قلبی بضعہ کا راستہ روک کر کہا آپ ہٹے میرے راستے میں اور آپ کی بات نہیں سن سکتی بضعہ نم لہجے میں کہہ کے تیزی سے کمرے سے نکلی قلبی یہ تو نے کیا کیا قلبی صوفے پہ سر پکڑ کر بیٹھ گیا سوچنے لگا

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

السلام علیکم انکل اسفندیار کمرے میں جاتے ہی بولا و علیکم السلام بیٹا آؤ میرے ساتھ ناشتہ کرو مومن خان پیار سے بہت شکریہ انکل میں ناشتہ کر کے آیا ہوں اسفندیار نے مسکراتے ہوئے جواب دیا انکل بضعہ اپنے کمرے میں ہے کیا اسفندیار نے باہر کی جانب دیکھتے ہوئے کہا ہاں بیٹا حرا اس کو بلانے کے لیے گی ہے ابھی آ جائے گی بہت ہی پیاری

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

بچی ہیں ہم سب کا بہت خیال رکھتی ہے مومن خان نے ناشتے سے بس کرتے ہوئے بولے مومن خان بضعہ کی تعریف کرتے ہوے بولے میں بضعہ کو لینے آیا ہوا انکل اسفندیار نے بات شروع کی مگر کیوں بیٹا مومن خان جلدی سے بولے انکل وہ ہر لڑکی میکے جاتی ہے ایک دو دن اپنے گھر میں گزار لے پھر اگر یہاں آنا چاہیے یہ اس کی مرضی ہیں کیوں کہ اس کی شادی بھی کچھ اچھے حالات میں نہیں ہوں ہی اسفندیار نے سنجیدگی سے کہا تمہاری بات بھی ٹھیک ہے بیٹا مگر اس کی شادی ہو چکی ہے چاہے جس طرح بھی حالات تھے اب وہ میری بہو ہے مومن خان نے سمجھاتے ہوئے کہا میں معافی چاہتا ہوں جو کچھ بھی حرا نے تمہارے ساتھ کیا اور قلبی نے بضعہ کے ساتھ زبردستی شادی کی میں شرمندہ ہوں تم سے بیٹے مگر قلبی کو بضعہ پسند تھی اسلیے جلدی سے شادی کی مومن خان معافی مانگتے ہوئے بولے انکل بیٹا بھی کہتے ہیں اور معافی بھی مانگتے ہیں معافی مانگنے کی کوئی ضرورت نہیں جو بھی ہوا میرے ساتھ وہ میں بھول چکا ہوں مگر اس معاملے میں بضعہ پہ زبردستی نہیں کروں گا وہ جو کہے گی وہی میں کروں گا آپ میرے باپ کی جگہ پہ ہے آپ حق پہ فیصلہ کریں گے اسفندیار مومن خان کی طرف دیکھ کر کہا ضرور مومن خان نے اثبات میں سر ہلایا اتنے میں بضعہ کمرے میں آئی بھائی اسلام علیکم بضعہ خوشی سے بولی وعلیکم اسلام میری گڑیا کیسی ہے اسفندیار اٹھ

کر بضعہ کے سر پر ہاتھ رکھ کر بولا میں ٹھیک ہوں بھائی آپ کیسے ہیں بضعہ اسفندیار کے ساتھ والے صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولی میں اپنی بہن کو دیکھ کر ٹھیک ہو گیا اسفندیار نے مسکراتے ہوئے کہا بابا آپ نے ناشتہ کیا بضعہ مومن خان سے بولی جو بہن بھائی کی بات چیت سن رہے تھے جیتی رہو بچی میں نے کر لیا ہے مومن خان دعا دیتے ہوئے بو بھای آپ کے لے چاے لاو بضعہ اسفندیار سے پوچھی نہی گڑیا میں تمہیں لینے آیا ہو تم جاو اپنا سامان باندھو فاطمہ باجی انتظار کر رہی ہوں گی اسفندیار نے بضعہ کی طرف دیکھتے ہوئے بولا جو اس کی طرف ہی دیکھ رہی تھی بیٹی جاو اپنے گھر اگر قلبی کے ساتھ رہنا چاہو تو گھر واپس آ جانا یہ تمہارا گھر ہے مومن خان نرمی سے بولے قلبی مومن خان کے کمرے کے باہر کھڑا ہوا تھا جب بضعہ کو روکنے آیا تھا مومن خان کے الفاظ قلبی کے دل پر تیر کی طرح لگے بابا کل رات قلبی کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی تیز بخار تھا انکا تو میں جب وہ ٹھیک ہو جائے تو میں چلی جاؤں گی اپنے گھر بضعہ کہہ کر تھوڑا خاموش ہوی قلبی باہر کھڑا مسکرایا تو بضعہ ایسے مجھ کو ڈرا رہی تھی قلبی نے سوچا اور رہی بات قلبی کے ساتھ رہنے کی قلبی کا دل دھک دھک کرنے لگا نا جانے بضعہ کیا فیصلہ سنائیں میری شادی ہو چکی ہے میں ان کے نکاح میں بضعہ نم لہجے میں بولی اللہ تم کو خوش رکھے بیٹی مجھے تم سے یہی امید تھی سمجھداری کی مومن خان مسکراتے ہوئے بولے بضعہ سے

کہنے لگی بھابی آپ بیٹھے میں آپ کے لئے چائے بنا کر لاتی ہوں بضعہ اٹھتے ہوے بولی قلبی جلدی سے لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا اپنے کمرے میں جا گھسا بضعہ خوشی سے کمرے سے نکلی اپنے قدم کچن کی طرف بڑھائے

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

حرا اپنے کمرے میں بیٹھی رو رہی تھی آخر جب دل تھک کے رونے کی وجہ سے تو اٹھی منہ دھویا آئینے کے سامنے کھڑی ہوئی حرا ابھی تو تیری سزا شروع ہوئی ہے تم نے ابھی سے ہار مان لی ابھی تو باقی لوگوں کی طعنے سننی باقی ہیں تو بس صبر کرو اور وہاں جا جہاں سکون ہی سکون ہو حرا اپنے آپ کو تسلی دے رہی تھی مگر بھیا۔۔۔۔۔۔حرا ایک بار پھر رو پڑی چہرہ ہاتھوں میں لیے ہوئے ہی حرا جلدی سے اپنے آنسو صاف کے اور برقعہ پہن کے کمرے سے نکلی اور مومن خان کی طرف کمرے کی طرف بڑھی جہاں اندر سے مومن اور اسفندیار کی بات چیت کی آوازیں آرہی تھیں بابا میں قاسم چچا کے ساتھ مدرسے سے جا رہی ہوں بس داخلہ لے کر جلدی آجاؤنگی حرا کمرے میں داخل ہو کر مومن خان سے بولی بضعہ کو لیتی جاو مومن خان نے ہدایت دی بابا بھا بھی کو بھائی نے چھوڑا رہے میرے ساتھ حرا سر جھکا کر بولی اسفندیار کو حرا کو برقعے میں دیکھ کر

اسفندیار کو بہت خوشی ہوئی پھر تھوڑا سا ترس آرہا تھا اچھا جاؤ مومن خان نے اجازت

دی حرا علم کرنا چاہتی ہے تو آج داخلے کے لیے جارہی ہے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ

میری بیٹھی کو ہدایت ملی مومن خان اسفندیار کو دیکھ کر بولے بہت اچھی بات ہے

اسفندیار دھیمے لہجے میں بولا بس اب مجھے ایک فکر ستا رہی ہے کہ اس کے ساتھ شادی

کون کرے گا مومن سنجیدگی سے بولے کیا تم حرا سے سچ میں سے محبت کرتے تھے

مومن خان یاد آنے پر اسفندیار سے پوچھا ہاں یہ سچ ہے اسفندیار نے اعتراف کیا اب

کرتے ہو محبت مومن خان نے اسفندیار کو دیکھ کر پوچھے اسفندیار کی آنکھوں کے

سامنے حرا اک چہرہ گھوم گیا ہاں اسفندیار صاف گوی سے بولا کہ تم حرا کو اپناوگے

اسفندیاد مومن خان نے اسفندیار سے کہا جو حیرانی سے مومن کی طرف سے دیکھ رہا تھا

مگر اک شرط پہ حرا کو اپناوگا آپ حرا کے لے کچھ نہ بنواے میں اپنی غریبی کے ساتھ

حرا کو اس حویلی سے لے جانا چاہتا ہو اور اپنی پوری کوشش کرونگا کہ حرا کو دنیا کی ہر

خوشی دو اسفندیار نے اپنا فیصلہ سنایا کاش اسفندیار تم مجھے پہلے مل جاتے مومن خان اٹھ

کر اسفندیار کے کندھے پہ ہاتھ رکھ کر بولے اب مل گیا ہو اسفندیار مسکرا کر بولا اچھا

میں جاتا ہو آپ حرا کی حرا کی مرضی پوچھ لے بہت دیر ہو گی ہے میں بضعہ کو بتاتا ہو

اسفندیار اٹھتے ہوے بولا بیٹھو بضعہ چاے لاتی ہو نگی مومن خان نے اسفندیار کو روک

کر کہا نہی بس بضعہ کو مل کر چلتا ہوا اچھا اللہ حافظ اسفندیار مومن خان سے مل کر کمرے سے نکلا اللہ تم کو سلامت رکھے مومن خان نے اسفندیار کو دل سے دعا دی

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

آپ جا رہے ہیں بھائی میں نے اتنی پیار سے آپ کے لئے چائے بنائی بضعہ سنا جو کچن سے نکلی تو سامنے اسفندیار آ رہا تھا تو رو کے پن سے بولی چائے کو چھوڑ میں تجھے ایک بات بتاتا ہوں تو سن کے خوش ہو جائے گی اسفندیار مسکراتے ہوئے بولا بضعہ کچن میں چائے رکھ کر اسفندیار کو لاؤنج میں لے آئی ہاں اب جلدی بتا دے خوشی کی خبر بضعہ خوشی سے بولی میں شادی کر رہا ہوں اسفندیار نے بضعہ کو دیکھ کے کہا جس کا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا آپ نے مجھے بتایا کیوں نہیں کون ہے میری بھابی کہاں ہے کیسی ہے کب کر رہے ہیں شادی بضعہ خوشی کے مارے ایک سانس میں بولی پگلی صبر تو کر لے اسفندیار نے ہنستے ہوئے بولا تیری بھابھی حرا ہے اسفندیار نے کہاں کیا۔۔۔۔۔۔۔بضعہ قدرے بلند آواز میں کہا سچ بھیا خوشی سے بولی ہاں اسفندیار نے اثبات میں سر ہلایا آپ نے یہ فیصلہ بہت اچھا کیا پھر یہ اللہ آپ دونوں کو خوش رکھے آمین بضعہ نے دل سے دعا

دی اچھا میں چلتا ہوں اب اگلی بار بارات کے ساتھ حاضر ہو گا اسفندیار حاصل ہوئے

بولا اچھا بھائی مگر جلدی آئے گا بضعہ نے پیار سے کہا اپنا خیال رکھنا خوش رہو اسفندیار

بضعہ کے سر پر ہاتھ رکھ کر کے بولا اور آگے بڑھنے لگا بضعہ خوشی سے اپنے کمرے میں

گئی

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

بضعہ جب اپنے کمرے میں آئی تو قلبی کو دیکھ کر بھاگ کر اس کے پاس گی جو اوندھے

منہ بیڈ پر پڑا تھا اور اس کا ایک ہاتھ نیچے لٹک رہا تھا قلبی اٹھے یہ کیا ہوا قلبی

۔۔۔۔۔۔بضعہ پریشانی سے بولی جب کچھ سمجھ نہیں آیا تو روتے ہوئے مومن خان کو

بلانے کے لیے جانے لگی بابا۔۔۔۔جب ہی قلبی نے اس کا ہاتھ پکڑا بابا کو مت بلاو

قلبی مسکراتے ہوئے بولا بضعہ جلدی سے مڑی آپ ٹھیک ہے بضعہ نے غصے سے پوچھا

ہاں میری جان ٹھیک ہو یہ تو بس ویسے مجھے ایک مذاق سوجھا کل بھی سیدھا ہوتے ہو

بیٹھ کر بولا آپ اس کو مزاق کہتے ہیں آپ نے تو میری جان ہی نکال دی بضعہ آنسو

صاف کرتے ہوئے بولی میں دیکھنا چاہتا تھا کہ میری بیوی میرے لئے کتنا پریشان ہوتی

ہے مگر تو پریشانی کے ساتھ رونے بھی لگ گئی قلبی ہنستے ہوئے بولا بضعہ صوفے پہ منہ

پھیلا کر بیٹھ گئی میں گھبرا گئی تھی اور آپ دانت نکال رہے ہیں بضعہ ناراضگی سے بولی قلبی بضعہ کے ساتھ بیٹھا سوری قلبی کان پکڑ کے بولا آپ کی ایک غلطی تو نہیں جو میں معاف کرو بضعہ قلبی کو دیکھ کر بولی اچھا مجھے اپنی غلطیاں بتاو کہ میں سب کی معافی مانگو قلبی نے سنجیدگی سے کہا آپ کی پہلی غلطی یہ ہے کہ آپ غصے میں سوچتے نہی ہے دوسری یہ کہ حرا کو معاف کیوں نہیں کرتے ہیں حالانکہ وہ اپنی غلطی کی سزا بھگت چکی ہے بضعہ ایسا کہہ کر چپ ہوئی تمہیں پتا ہے کہ اس نے کیا حرکت کی قلبی ناگواری سے بولا میں نے کہا نہ اسے اس حرکت کی سزا مل گی ہے اور اس پہ اللہ نے رحم کیا کہ اسکو اپنے دین کی طرف لایا وہ آج مدرسے گی ہے علم میں داخل لینے اور اس کی شادی بھی ہے اگر اس کے اللہ ہو تم اس کو معاف کیوں نہیں کرتے وہ بہن ہے آپ کی تمھاری نفرت نہیں سہہ سکتی قلبی بضعہ کو سمجھاتے ہوے بولی قلبی غور سے بضعہ کی باتیں سن رہا تھا حرا کی شادی کس سے ہے قلبی نے پوچھا کیوں بتاو آپ کون سا اس کی شادی میں شریک ہونگے بضعہ اٹھ کر بیڈ کی چادر صحیح کرتے ہوئے جواب دیا میں حرا کو آج ہی معاف کروں گا مگر پہلے بتاؤ کس سے شادی ہے اس کی قلبی نے جلدی سے کہا آپ سچ کہہ رہے ہیں بضعہ تقریبا چیختے ہوئے بولی ہاں قلبی نے مسکرا کر جواب دیا اسفندیار سے حرا کی شادی بضعہ نے خوشی سے کہا تو اس کا مطلب ہے کہ گھر میں پھر خوشی آے گی

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

قلبی نے مسکراتے ہوئے پوچھا بالکل ہمارے گھر میں تو پہلی خوشی ہے بضعہ قلبی کو دیکھ کے کہا بضعہ کیا تم نے مجھے معاف کیا قلبی بضعہ کے پاس آتے ہوئے پوچھا ذرا سوچ کے بتاتی ہوں بضعہ سوچنے کی ایکٹنگ کرتے ہوئے بولی کبھی سوچتی ہوں کہ تم کو چھوڑ کے چلی جاؤں مگر دل کہتا ہے کہ بضعہ نے مسکرا کے بات ادھوری چھوڑی دل کیا کہتا ہے قلبی تابی سے پوچھا یہ کے کہ اس گھر کو تمہاری ضرورت ہے بضعہ ہنستے ہوئے بولی اور تمہارے دل کو شوہر کا خیال نہیں آتا کبھی کا موڈ آف ہوا آتا ہے مگر کبھی کبھی آپ کے دل کی طرح میرا دل بے قابو نہیں ہے نہ بضعہ شرارت سے بولی اس دل پر کسی کا بس نہیں چلتا قلبی دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولا اچھا آپ یہاں بیٹھے میں حرا کو دیکھ کر آتی ہوں کہ آگئی مدرسے سے یا نہیں بضعہ نے گھڑی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جہاں گھڑی میں بارہ بجنے والے تھے میں بھی بابا سے مل کر ہی حرا کے پاس آؤں گا تم اس کو مت بتانا میرا اوکے قلبی نے کچھ سوچتے ہوئے کہا ٹھیک ہے نہیں بتاتی بضعہ کہہ کر دروازہ کھول کر باہر نکلی

🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷🌷

حرا داخلہ لے کر بہت خوش تھی جب سب سے پہلے مومن خان کو بتا کر اپنے کمرے

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

میں ایک فریش ہو کر بیٹھی تھی کہ بضعہ اس کے کمرے میں داخل ہوئیں داخلہ مل گیا یا نہی بضعہ صوفے پہ بیٹھتے ہوئے بولی جی بھابی ایک دودن میں نئے کلاس شروع ہونے والے ہیں پھر چلو گی ہر خوشی سے بولی چلو ڈبل مبارک ہوایک داخلہ مل جانے کی خوشی میں اور دوسری شادی کی خوشی میں بضعہ مسکراتے ہوئے بولی کس کی شادی بھابھی حرا حیرانی سے پوچھا تمہاری شادی اور کس کی بابا نے تمہارا کروالیا ہے اور جلد ہی تمہاری شادی ہے بضعہ نے ہرا اک کو دیکھ کر بولی جس کے چہرے کی رنگت زردے کی مانند ہوی کس کے ساتھ طے کیا میرا رشتہ حرا کھوے لہجے میں بولی اسفندیار کے ساتھ بضعہ نے حرا کو بتایا جائے جو حیرانی سے بضعہ کو دیکھ رہی تھی اسفندیار۔۔۔۔ مگر بھابھی اس سے میری شادی کیسی ہو سکتی ہے حرا پریشانی سے بولی کیوں نہیں ہو سکتی بضعہ حیرانی سے پوچھا بھابھی میں اس کے قابل نہیں ہوں حرا روتے ہوئے بولی کون کس کے قابل ہے یہ اللہ جانتا ہے اسفندیار کی پسندیدگی سے یہ رشتہ ہوا ہے وہ تم سے آج بھی محبت کرتا ہے اور کل بھی کرتا تھا بضعہ حرا کے آنسو صاف کرتے ہوئے سمجھانے لگے مگر بھابھی۔۔۔ حرا کے آنسو تھمنے کا نام نہیں لے رہے تھے جب ہی قلبی مومن خان حرا کے کمرے میں داخل ہوئے کیا ہوا مومن خان فکرمندی سے آگے بڑھا بابا یہ اسفندیار کا سن کر رونے لگی بضعہ خود بھی پریشان ہوی حرا کو ایسے روتے دیکھ کے حرا

قلبی کو دیکھ کر چپ ہوئی تمہیں تو خوش ہونا چاہیے تم میری بیوی کی بھابھی بن رہی ہوں قلبی حرا کے ساتھ بیٹھتے ہوئے بولا بھائی مجھے معاف کر دیں حرا قلبی کے سامنے ہاتھ جوڑتے ہوئے بولی میں تمہیں معاف کر دیا ہے گڑیا اور مجھے معاف کر دو تمہارے ساتھ اتنی بد تمیزی کر چکا ہو قلبی حرا کے ہاتھ نیچے کرتے ہوئے بولا آپ کو حق تھا میں بہت غلط تھی حرا سنجیدگی سے بولی جو ہو چکا ہے اس پر خاک ڈال کے آگے بڑھ قلبی مسکراتے ہوتے ہیں اور میں نے فیصلہ کیا کہ تمہاری رخصتی ہو گئی اور قلبی کا ولیمہ ہو گا مومن خان نے سب سے کہا میں سگنیچر بنا کر لیتی ہوں ابھی بھی ظاہر کرتے ہوئے کہا اور باہر چلی قلبی حرا کے ساتھ مذاق مشغول ہوا مومن خان دونوں کو بچوں کو خوشی سے دیکھنے لگے اللہ میرے دونوں بچوں کو یونہی ہنسی خوشی عطا کرے آمین مومن خان کے دل سے دعا نکلی

اسفندیار کہاں کسی کے دباؤ میں آ کر یہ شادی تو نہیں کر رہا ہے حرا سب کے چلے جانے کے بعد سوچنے لگی میں اسفندیار کو فون کرتی ہو حرا موبائل اٹھا کر اسفندیاع کا نمبر ڈائل کیا جو تیسری دفعہ اسفندیار نے اٹینڈ کیا اسلام علیکم میں حرا کو بات کر رہی ہو اسفندیار

کے کال اٹھاتے ہوئے بولی و علیکم اسلام اسفند یار تھوڑا حیران ہوا ہے حرا کے فون آنے پر میں تم سے ضروری بات کرنا چاہتی ہوں اسفند یار کیا تم فارغ ہوا بھی حرا نے پوچھا میں فارغ ہوں جو بھی کہنے ہی بتاو اسفند یار نے جلدی سے کہا اسفند یار کیا تم اس شادی سے خوش ہو میرا مطلب ہے کہ تم کسی کے دباؤ میں تو نہیں کر رہے نہ یہ شادی اسفند یار مجھے غلط مت سمجھنا میں بہت خوش ہوں اسفند یار مگر تمہاری رضامندی جاننا چاہتی ہوں میں ایک بدنام لڑکی تم جانتے ہو میں تم سے اس لئے پوچھ رہی ہوں کہ کل تم مجھے طعنہ نہ دو حرا سنجیدگی سے بولی پہلی بات یہ ہے کہ میں شادی اپنی مرضی سے کر رہا ہوں اور دوسرے کے تم ماضی کو بھول جاؤ ہم دونوں ایک نئے سفر شروع کرنے والے ہیں جس میں صرف خوشیاں ہوگئی کیا تم میرے اس نے سفر میں ساتھ دوں گی پورے وفاداری اور اخلاص کے ساتھ ہاں مگر مجھ سے کبھی بے وفائی مت کرنا اسفند یار

انسان سب کچھ برداشت کر سکتا ہے مگر بے وفائی کو نہیں

حرا کھوے لہجے میں بولی مجھے خود بے وفائی سے نفرت ہے میں خود کیسے کروں گا حرا اسفند یار نے مسکراتے ہوئے پوچھا مجھے کیا پتا ہے یہ دل سے پوچھو حرا نے ہنستے ہوئے کہا اگر تم میری کون سی نیکی ہو کہ خدا نے اس نیکی کے بدلے میں تمہیں مجھے عطا کیا

حرا خوشی سے بولی اب تم مجھے اتنا مخرور تو مت بناو نہ اسفند یار حرا کو تنگ کرتے ہوئے بولا تم میرا فخر ہو اسفند یار حرا نم لہجے میں بولی اچھا چھوڑو ان باتوں کو مجھے بتاؤ تمہیں داخلہ مل گیا علم میں اسفند یار نے حرا سے داخلے کا پوچھا جی بالکل ایک ہفتے بعد جاؤں گی حرا خوشی سے بتایا چلو اچھا ہے مبارک ہو اسفند یار میں پیار سے بولا اسفند یار میں فون رکھ رہی ہو میں جاتی ہوں نماز پڑھنے کے حرا ٹاءم دیکھتے ہوئے بولی جہاں کچھ ہی دیر میں ظہر کی نماز قضا ہونے والی تھی اوکے رکھو اپنا خیال رکھنا اسفند یار نے کہہ کر فون بند کیا اللہ اسفند یار جیسا شخص ہر لڑکی کے نصیب میں لکھ دے حرا نے سچے دل سے دعا مانگی اور نماز پڑھنے چل دی

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

تم اتنا کام کرکے تھکتی نہیں کبھی اس بیچارے شوہر پہ بھی توجہ دے دیا کرو کل بھی کچن میں کھڑی بضعہ سے بولا بڑا جو برتن تقریباً دھو چکی تھیں اور کتنی توجہ چاہیے آپ کو آپکا خیال تو رکھتی ہو بضعہ نے قلبی کو دیکھ کر کہا ہر لمحہ ہر گھڑی تمہاری توجہ چاہیے میں چاہتا ہوں تم میرے پاس رہو بس تم ہو کے کام کے بہانے ڈھونڈتی ہوں قلبی چاہت سے بھرپور لہجے میں کہا اتنی پیاری باتیں کر رہے ہیں کون آجائے گا تو کیا سوچے گا بضعہ

روکھے پن سے بولی یہی کہ میاں بیوی باتیں کر رہے ہیں قلبی ہنستے ہوئے بولا میں کمرے میں جارہی ہوں آپ یہاں کھڑے رہے بضعہ کچن سے نکلتے ہوئے بولی یار اک تو تم مجھ سے روکھے پن سے باتیں کیوں کرتی ہو قلبی بضعہ کے پیچھے جاتے ہوئے آواز دی بضعہ کچھ کہے بنا کمرے میں گھسی میں آپ سے باتیں کرتی ہو مگر سب کے سامنے نہیں کر سکتی شرم آتی ہے بضعہ صوفے پر بیٹھے ہوئے بولیں تو میں تم اتنی شرمیلی کیوں ہو قلبی اس کے ساتھ بیٹھے ہوئے بولا یہ میری عادت ہے بضعہ قلبی کو شرماتے ہوئے بولی اور یہی عادت مجھے اور بھی پسند ہے قلبی بضعہ کا ہاتھ پیار سے پکڑتے ہوئے بولا بضعہ میری زندگی میں آنے کے لیے تمہارا بہت شکریہ قلبی محبت پاش لہجے میں بولا بضعہ نے شرم سے نظریں جھکائی تم بضعہ کیا تم مجھ سے محبت کرتی ہو قلبی نے بڑے مان سے پوچھا ہاں آپ سے آپ اچھے لگتے ہیں بضعہ نے اقرار کیا اور محبت قلبی نے پھر پوچھا اس کا جواب اگلے سال دوں گی ابھی تھوڑا انتظار کریں بضعہ ہنستے ہوئے بولی میرے صبر کا امتحان تو مت لو نہ بتادو کہ مجھے بھی محبت ہے تم سے قلبی نے جلدی سے کہا بتادوں گی اب میرا موڈ نہیں بتانے کو بضعہ مسکراتے ہوئے اٹھی اور کمرے سے جانے لگی تمہارا موڈ تو میں ابھی ٹھیک کرتا ہوں بیگم جاناں قلبی ہنستے ہوئے بضعہ کے پیچھے لپکا جہاں بضعہ ہنستے ہوئے کمرے سے نکلی قلبی بضعہ کو جاتے ہوئے سوچنے لگا اس طرح بڑے

دل والی لڑکی اللہ نے مجھے کس انعام میں دی اخلاقی شرارتی معصوم اور تھوڑا ڈر نے والے قلبی نے مسکراتے ہوئے سوچا اور بضعہ کے پیچھے چلنے لگا جہاں وہ تھوڑا آگے چل کے قلبی کو پیچھے مڑ کر مسکراتے ہوئے دیکھتی اور قلبی تو بضعہ تھا ہی دیوانہ جس کے ایک مسکان پر قلبی کو دنیا کی ہر خوشی بے معنی لگتی بس یہ تھی قلبی کی خوبصورت دنیا

****

❤️ ختم شدہ ❤️

ہماری ویب میں شائع ہونے والے ناولز کے تمام جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام محفوظ ہیں۔

ہمیں اپنی ویب نیو ایرا میگزین (New Era Magazine) کیلئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔ اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، آرٹیکل، شاعری، پوسٹ کروانا چاہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

(انشاءاللہ آپ کی تحریر ایک ہفتے کے اندر اندر ویب پر پوسٹ کر دی جائے گی۔ مزید تفصیلات کیلئے اوپر دیئے گئے رابطے کے ذرائع کا استعمال کر سکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیو ایرا میگزین